بہت سے قارئین کے لیے یہ کتاب کا دلچسپ ترین حصہ ہے۔

یہ کتاب ہمارے مدارس عربیہ کے نصاب میں شامل ہونی چاہیے' تاکہ ہمارے علما یہ جان سکیں کہ آج کے دور میں مسلمانوں کے سامنے نظریاتی میدان میں اصل آزمایش کیا ہے (ص ۳۰' ۳۱)۔ مزید یہ کہ وہ ایک عالم دین (الجسر) ہی کی زبان سے خاصی حد تک یہ جان لیں کہ آج کے گمراہ فلسفے کا اسلام کے مطابق جواب کیا ہے۔ جدید تعلیمی اداروں میں بطور ایک نصابی کتاب کے اسے داخل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے البتہ یہ ضروری ہے کہ اس میں موضوعاتی ترتیب اور حوالہ جات کا اہتمام کیا جائے۔ موجودہ حالت میں بطور ایک زاید از نصاب کتاب کے' یہ جدید تعلیمی اداروں میں موثر ثابت ہو سکتی ہے۔

جناب خدا بخش کلیار نے ترجمے میں غیر معمولی محنت کی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ مدارس عربیہ سے باہر کے قارئین کے لیے بھی مفید اور موثر ثابت ہوگی (ڈاکٹر بلال مسعود)۔

حرمین شریفین کی فضاؤں میں' گوہر ملسیانی۔ ناشر: شہ تاج مطبوعات' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۴۳۱۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

حج کے سفرنامے ہمارے ادب کا ایک دل کش اور ایمان افروز حصہ ہیں۔ گوہر ملسیانی کا یہ سفرنامہ' سفرنامے کے ساتھ ساتھ سیرت کی کتاب بھی ہے۔ انھوں نے سفرنامے کی وسعت کو پورا پورا بلکہ زیادہ ہی استعمال کیا ہے۔ مدینہ پہنچے تو مسجد نبویؐ کی تعمیر و توسیع کی پوری تاریخ بھی قارئین کے لیے لکھ دی۔ جیسا انھوں نے خود بتایا ہے کہ اس میں صرف مناسک حج ہی نہیں بلکہ بیت اللہ کے سائے میں پیغمبرؐ اسلام اور صحابہ کرامؓ کے جذب و مستی سے پر لمحات' تاریخ اسلام کے آئینے میں بولتی ہوئی آواز' عصر حاضر کے حوالے سے تڑپتی ہوئی صدائیں اور صاحبان اقتدار کے ساتھ اسلامیان عالم کے عروج و زوال کے حوالے--- اور یوں اس سفرنامے میں سیرت' معاشرت' معیشت' تاریخ وغیرہ پر بھی معلومات ملتی ہیں۔

گوہر ملسیانی' ادیب ہیں' شاعر ہیں' صاحب دل مسلمان ہیں' استاد ہیں' چنانچہ "بعض اوقات' میرے جذبات نوک قلم سے آب زم زم کی طرح اچھلے ہیں' کئی مراحل ایسے آئے ہیں' جہاں آنسوؤں کی زبان میں گفتگو ہوئی ہے اور ضبط کے سارے بند ٹوٹ گئے ہیں"۔ اگر محترم مصنف اس سفرنامے کو واردات قلبی تک ہی رکھتے تو حج کے سفرناموں میں ایک نہایت یادگار اضافہ ہوتا۔ معلومات اور تاریخ کے لیے دوسری کتب موجود ہیں (مسلم سجاد)۔

ہلال و صلیب کا نیا معرکہ' شفیق الاسلام فاروقی۔ ناشر: حرا پبلی کیشنز' چیٹرجی روڈ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۴۰۰۔ قیمت: ۱۸۰ روپے' مجلد۔